نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے بارانی علاقوں میں گندم کی کاشت بارے سفارشات جاری کر دیں

لاہور:12 اکتوبر 2026: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کاشتکار بارانی علاقوں میں محکمہ زراعت پنجاب کی منظور شدہ اقسام شیراز 23،عروج 22،نشان 21،ایم اے 21،مرکز 19،بارانی 17،فتح جنگ 16 اور پاکستان 13 کاشت کریں۔ گندم کی بوائی کیلئے 40 تا 50 کلوگرام فی ایکڑ بیج استعمال کریں۔بارانی گندم کے کاشتکار بیج،کھاد اور زرعی زہروں و دیگر مداخل کے استعمال کے لئے مقدار کا تعین کرتے وقت اپنے کھیت کی پیائش کو مدنظر رکھیں۔ بارانی علاقوں میں گندم کی کاشت کا وقت 15 اکتوبر سے 15 نومبر ہے۔گندم کی کاشت کیلئے محکمہ زراعت پنجاب کی منظور شدہ اقسام کا تصدیق شدہ بیج استعمال کریں۔ گندم کی کاشت سے قبل عام ہل چلائیں اور سہاگہ دیں تاکہ اگنے والی جڑی بوٹیاں تلف ہو جائیں۔کاشتکار بوائی سے قبل دو مرتبہ عام ہل چلائیں اور بھاری سہاگہ دیں تاکہ وتر زمین کی اوپر والی تہہ میں آجائے۔گندم کی کاشت سے قبل ضرورت کے مطابق ہل چلا کر سہاگہ دیں تاکہ اگنے والی جڑی بوٹیاں تلف ہوسکیں اور زمین پر بھربھری مٹی کی تہہ بن جائے اور زمین کے اندر جذب ہونے والا پانی محفوظ رہ سکے۔گندم بذریعہ ڈرل کاشت کریں اور سفارش کردہ کھاد کی ساری مقدار بوائی سے پہلے زمین کی تیاری کے وقت ڈالیں۔

☆☆☆☆